مکاتب، مدارس اور اسکول
کے طلباء کے لئے قیمتی تحفہ

مجموعہ

ادعیہ مسنونہ واحادیث مبارکہ

سبیل السنۃ

مؤلفین

رضوان رشید قاسمی —— عبدالواحد قاسمی

الناشر

جامعہ رشیدیہ بنگلور

JAMIA RASHEEDIA

Elahinagar, Singapura, Vidyaranyapura Post, Bangalore - 97.

مکاتب، مدارس اور اسکول

کے طلباء کے لئے قیمتی تحفہ

مجموعہ

ادعیہ مسنونہ واحادیث مبارکہ

سبیل السنۃ

مؤلفین

رضوان رشید قاسمی —— عبدالواحد قاسمی

الناشر

جامعہ رشیدیہ بنگلور

JAMIA RASHEEDIA

Elahinagar, Singapura, Vidyaranyapura Post, Bangalore - 97.

Cell: 9342551404

حرف اول

حامداً و مصلیاً اما بعد!

دور حاضر میں مسلمانوں کی دین کی طرف سے بے رغبتی رفتہ رفتہ بڑھتی جارہی ہے۔نئی نسل کا یہ حال ہے کہ سرے سے اپنے آقا محمد عربی ﷺ کا پیغام، ان کا طور وطریقہ، ان کے اخلاق و کردار اور ان کی عملی زندگی کو جانتے ہی نہیں ہیں۔ جو ملت اسلامیہ کے لئے بہت بڑا المیہ ہے۔

زیر نظر کتابچہ ''سبیل السنۃ'' میں مسلمانوں خصوصاً چھوٹے بچوں کو اسلام کے عملی سانچے میں ڈھالنے کے لئے حالات کے مطابق مستند احادیث مبارکہ اور وقتی ضرورتوں کی تمام مسنون دعاؤں کو جمع کیا گیا ہے، جن کو یاد کرنے سے مسلمانوں اور مکاتب و مدارس میں پڑھنے والے بچوں کو ذکر رسول ؐ پر عمل کرنے کی توفیق بسہولت حاصل ہوسکتی ہے۔خدا ہمیں عمل کی توفیق عطا فرمائے، آمین

رضوان رشید قاسمی ☆ عبد الواحد قاسمی

۲۵ر رجب المرجب، ۱۴۲۲ھ

کلمہ طیّبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

کلمہ شہادت

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

گواہی دیتا ہوں میں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

اور گواہی دیتا ہوں میں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

کلمہ توحید

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ

وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

سیّد الاستغفار

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ
وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ
مَاصَنَعْتُ اَبُوْٓءُلَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ
لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

ایمان مجمل

اٰمَنْتُ بِاللهِ كَمَا ھُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ
وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْكَامِهٖ

ایمان مفصل

اٰمَنْتُ بِاللهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ
وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ
مِنَ اللهِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

وضو میں چار فرض ہیں

۱) پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان سے دوسرے کان تک منہ دھونا۔ ۲) دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا۔

۳) چوتھائی سر کا مسح کرنا۔ ۴) دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

نواقض وضو

یعنی جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں:

۱) پاخانہ، پیشاب کرنا یا ان دو راستوں سے کسی اور چیز کا باہر نکل جانا۔

۲) ریح یعنی ہوا کا پیچھے سے نکلنا۔

۳) بدن کے کسی مقام سے خون یا پیپ کا نکل کر بہہ جانا۔

۴) منہ بھر کے قے کرنا۔ ۵) لیٹ کر یا سہارا لے کر سو جانا۔

۶) بیماری یا کسی اور وجہ سے بے ہوش ہونا۔ ۷) مجنون یعنی دیوانہ ہو جانا۔

۸) نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنا۔ (نور الایضاح)

تیمّم کے فرائض

۱) نیت کرنا۔ ۲) دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر سارے منہ پر پھیرنا۔

۳) دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر دونوں ہاتھوں پر کہنیوں سمیت ہاتھ پھیرنا۔

نواقض تیمّم

۱)جن چیزوں سے وضوٹوٹ جاتا ہے،اسی سے تیمّم بھی ٹوٹ جاتا ہے۔

۲)جس عذر کی وجہ سے تیمّم کیا تھا اس عذر کا جاتا رہنا۔ ۳)بقدرضرورت پانی مل جانا۔

وضواور غسل کا ایک ہی تیمّم ہوتا ہے۔دونوں میں کوئی فرق نہیں۔

شرائط نماز

۱)بدن کا پاک ہونا۔ ۲)کپڑوں کا پاک ہونا۔

۳)جگہ کا پاک ہونا۔ ۴)ستر کا چھپانا۔ ۵)نماز کا وقت ہونا۔

۶)قبلہ کی طرف منہ کرنا۔ ۷)نیت یعنی نماز کا ارادہ کرنا۔

ارکان نماز

۱)تکبیر تحریمہ۔ ۲)قیام یعنی کھڑے ہو کر نماز پڑھنا

۳)قرآت یعنی قرآن شریف پڑھنا۔ ۴)رکوع کرنا۔

۵)دونوں سجدے کرنا ۶)قعدہ اخیرہ بمقدار التحیات اپنے اختیار سے نماز کو ختم کرنا

فرائض غسل

۱)کلی کرنا ۲)ناک میں پانی ڈالنا (نرم ہڈی تک)

۳)تمام بدن پر پانی بہانا کہ ایک بال بھی سوکھا نہ رہے

سجدۂ سہو کے اصول

سجدۂ سہو حسب ذیل وجھوں سے واجب ہوتے ہیں:

۱)نماز کے کسی واجبات میں سے کسی واجب کو بھول کر ترک کر دینا۔

۲) کسی واجب کو اس کے محل سے مؤخر کر دیا۔

۳) کسی واجب کی تاخیر ایک رکن کی مقدار کر کے۔

۴) کسی واجب کو دو مرتبہ ادا کر لے۔

۵) کسی واجب کو متغیر کر دے، جیسے جہری نماز میں آہستہ اور آہستہ والی نماز میں بلند آواز سے قرأت کرے۔

۶) نماز کے فرائض میں سے کسی فرض کو اس کے محل سے مؤخر کر دے۔

۷) کسی فرض کو اس کے محل سے مقدم کر دے۔

۸) کسی فرض کو مکرر یعنی دو مرتبہ بھولے سے ادا کر لے۔

سجدۂ سہو کا طریقہ

قعدۂ اخیرہ میں التحیات پڑھنے کے بعد دائیں طرف سلام پھیر کر دو سجدے کر لئے جائیں، حسب معمول ہر سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ کہے اور سجدے کے بعد بیٹھ کر التحیات، درود شریف اور دعائے ماثورہ پڑھ کر دائیں اور بائیں طرف سلام پھیر دیں۔

(فتاویٰ ہندیہ)

واجبات نماز

نماز میں چودہ واجبات ہیں:

۱)فرض نماز کی پہلی دو رکعتوں میں قرأت کرنا۔

۲)الحمد شریف پڑھنا

۳)الحمد کے بعد کوئی سورت ملانا۔

۴)ترتیب سے نماز پڑھنا۔

۵)قومہ کرنا یعنی رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا۔

۶)جلسہ کرنا یعنی دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنا۔

۷)سکون واطمینان سے نماز پڑھنا۔

۸)پہلا قعدہ کرنا اگر نماز دو رکعت سے زیادہ ہو۔

۹)دونوں قعدہ میں ایک ایک بار التحیات پڑھنا۔

۱۰)جہری نمازوں جیسے فجر، مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین، تراویح اور وترِ رمضان میں امام کو بلند آواز سے قرأت کرنا اور دوسری نمازوں جیسے ظہر اور عصر، ان میں آہستہ قرأت کرنا۔

۱۱)قرأت کی ترتیب میں الحمد شریف سورت سے پہلے پڑھنا۔

۱۲)کم از کم لفظ "السلام" کے ذریعہ ختم کرنا دوسرا سلام بھی واجب ہے۔

۱۳)وتر میں دعاء قنوت پڑھنا۔

۱۴)عیدین کی نماز میں زائد تکبیریں کہنا۔ (درمختار مع ردالمحتار)

مفسدات نماز

۱)بات کرنا اگر چہ بھول کر ہو یا غلطی سے ہو۔

۲)ایسی دعاء مانگنا جو لوگوں کی بات چیت کے مشابہ ہو۔

۳)کسی کو سلام کرنا اگر چہ بھول کر ہو۔ ۴)سلام کا زبان سے جواب دینا۔

۵)عمل کثیر یعنی کوئی ایسا کام کرنا جس کے کرنے والے کو دیکھنے والا سمجھے کہ یہ نماز نہیں پڑھ رہا ہے۔ ۶)سینہ کو قبلہ سے پھیر دینا۔

۷)کسی چیز کا جو منھ سے باہر ہو اس کو کھالینا۔

۸)جو چیز دانتوں کے درمیان چنے کے برابر ہو اس کو کھالینا۔

۹)پانی وغیرہ پینا۔ ۱۰)بلا ضرورت کھنکارنا۔ ۱۱)اُف تف کہنا۔ ۱۲)آہ کہنا۔

۱۳)اوہ کہنا۔ ۱۴)تکلیف اور درد کی وجہ سے آواز سے رونا۔

۱۵)چھینکنے والے کے جواب میں یرحمک اللہ کہنا۔

۱۶)خدا کے شریک سے سوال کرنے والے کے جواب میں لا الہ الا اللہ کہنا یا رنج کی بات سن کر انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنا اور اچھی خبر سن کر الحمد للہ کہنا اور تعجب کی بات پر لا الہ الا اللہ یا سبحان اللہ پڑھنا۔

۱۷)قرآن شریف دیکھ کر نماز میں پڑھنا۔ ۱۸)اپنے امام کے علاوہ دوسرے شخص کو نماز میں غلطی بتانا۔ ۱۹)پاگل ہو جانا۔ ۲۰)بے ہوش ہو جانا۔

۲۱)معذور کے عذر کا جاتا رہنا۔ ۲۲)جمعہ کی نماز میں عصر کا وقت ہو جانا۔

۲۳)فجر کی نماز میں سورج نکل آنا۔ ۲۴)صاحب ترتیب کو قضاء نماز یاد آجانا۔

(آئینہ نماز، درمختار مع ردالمحتار)

ترکیب نماز

سب سے پہلے جس وقت کی نماز پڑھنی ہو اس کی نیت کرلیں، قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں، پیروں کو بالکل سیدھا رکھیں، دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھائیں، اس طرح کہ انگلیاں سیدھی اور دونوں ہتھیلیاں قبلہ کی طرف ہوں اور انگوٹھے کانوں کی لو کے قریب پہنچ جائیں۔ پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھوں کو ناف کے نیچے باندھ لیں، اس طرح کہ سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھ کر انگوٹھے اور چھنگلی سے حلقہ بنا کر پہونچے (کلائی) کو پکڑ لیں اور باقی تین انگلیوں کو کلائی پر سیدھا رکھیں۔ اور نگاہ سجدہ کی جگہ پر رکھیں۔ اب آہستہ آہستہ ثناء پڑھو، پھر تعوذ پھر تسمیہ پڑھ کر سورہ فاتحہ پڑھو۔ جب سورہ فاتحہ ختم کرلو تو آہستہ سے آمین کہو۔ پھر کوئی سورۃ یا ایک بڑی آیت یا کوئی تین چھوٹی آیتیں پڑھو (لیکن اگر تم امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہو تو صرف ثناء پڑھ کر خاموش کھڑے رہو، تعوذ، تسمیہ، سورۃ فاتحہ اور سورۃ کچھ نہ پڑھو۔) قرأت صاف صاف اور صحیح صحیح پڑھو، جلدی نہ کرو۔ پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع میں جاؤ۔ انگلیوں کو کھول کر ان سے گھٹنوں کو پکڑ لو۔ پیٹھ کو ایسا سیدھا کرلو کہ اگر اس پر پانی کا پیالہ رکھ دیا جائے تو ٹھیک رکھا رہے، سر کو پیٹھ کی سیدھ میں رکھو، نہ اونچا کرو نہ نیچا رکھو۔ ہاتھ پسلیوں سے علیحدہ رہیں۔ اور پنڈلیاں سیدھی کھڑی

رہیں۔ پھر رکوع کی تسبیح تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ پڑھو، پھر تسمیع کہتے ہوئے سیدھے کھڑے ہو جاؤ، تحمید بھی پڑھ لو امام صرف تسمیع پڑھے) پھر تکبیر کہتے ہوئے سجدہ میں جاؤ۔ پہلے دونوں گھٹنے، پھر دونوں ہاتھ اور پھر ناک اور پیشانی اس طرح رکھو کہ چہرہ دونوں ہتھیلیوں کے درمیان اور انگوٹھے کان کے مقابل رہیں۔ سجدے میں تین یا پانچ مرتبہ سجدے کی تسبیح کہو۔ پھر پہلے پیشانی، پھر ناک، پھر ہاتھ اٹھا کر تکبیر کہتے ہوئے اٹھو اور سیدھے بیٹھ جاؤ، پھر تکبیر کہہ کر دوسرا سجدہ کرو پھر تکبیر کہتے ہوئے اٹھو، اٹھنے میں پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھ پھر گھٹنے اٹھا کر پنجوں کے بل سیدھے کھڑے ہو جاؤ اور کھڑے ہو کر ہاتھ باندھ لو اور بسم اللہ اور سورۃ فاتحہ اور کوئی سورۃ پڑھو (امام کے پیچھے کھڑے ہو تو کچھ نہ پڑھو، خاموش کھڑے رہو) پھر اسی قاعدے سے رکوع، قومہ، سجدہ، جلسہ، دوسرا جلسہ کرو۔ دوسرے سجدے سے اٹھ کر بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھ جاؤ۔ سیدھا پاؤں کھڑا رکھو، دونوں پاؤں کی انگلیوں کے سرے قبلے کی طرف رہیں اور دونوں ہاتھ رانوں پر رکھو اور التحیات پڑھو جب اشھد ان لا الـــہ پر پہنچو تو سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے اور بیچ کی انگلی سے حلقہ بنا کر اشارہ کرو، لا الہ پر انگلی اٹھاؤ اور الا اللہ پر جھکا دو اور اس طرح اخیر تک حلقہ باندھے رکھو۔ تشہد ختم کر کے اگر دو رکعت والی نماز ہے تو درود شریف پڑھو۔ اس کے بعد دعا پڑھو، اس

کے بعد پہلے دائیں طرف سلام پھیرو پھر بائیں طرف۔ اگر تین یا چار رکعت پڑھنی ہوں تو پہلے قعدہ میں التحیات پڑھنے کے بعد درود شریف مت پڑھو بلکہ اللہ اکبر کہہ کر کھڑے ہو جاؤ اور بسم اللہ پڑھ کر الحمد شریف پڑھو اور کوئی سورۃ نہ ملاؤ البتہ اگر نماز نفل یا سنت ہے تو اور سورہ بھی ملا لو۔

ثناء

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى
جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ

تعوذ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۲﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۳﴾
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۴﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۵﴾
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۶﴾
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۵ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۧ﴿۷﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾
لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾
مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ
صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

رکوع کی تسبیح	سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡم
تسمیع	سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہ
	رَبَّنَا لَکَ الۡحَمۡد
سجدہ کی تسبیح	سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی

تشہد

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰاتُ وَالطَّیِّبٰتُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّہَا
النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَكَاتُہ، اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْن
اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی
اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد

دعاء ماثورہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ
اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ
اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۔

سلام — اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ

دعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَسْتَعِینُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ
عَلَیْکَ وَنُثْنِی عَلَیْکَ الْخَیْرِ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ
وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَن یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ إِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّی
وَنَسْجُدُ وَإِلَیْکَ نَسْعَی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَنَخْشَی
عَذَابَکَ إِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقَ

آیت الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ
مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ
اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

عورتوں کی نماز میں فرق

عورت تکبیر تحریمہ کے وقت اپنے دونوں ہاتھ کندھے تک اٹھائے اور سینے پر ہاتھ باندھ لے، اور مرد اپنے دونوں ہاتھ کان کے لوتک اٹھائے اور ناف کے نیچے باندھے۔ رکوع میں عورت دونوں ہاتھ کی انگلیاں ملا کر گھٹنے پر رکھے اور دونوں بازو، پہلوؤں سے ملائے رکھے، اور مرد رکوع میں انگلیاں کھلی رکھے اور اپنے گھٹنے پکڑ لے، اور عورت سجدے میں پیٹ کو رانوں سے ملا کر کہنیوں کو زمین پر بچھا کر اور بازوؤں کو پہلوؤں سے ملا کر رکھے یعنی خوب سمٹ کر سجدہ کرے اور مرد خوب کھل کر سجدہ کرے یعنی پیٹ کو رانوں سے اور بازوؤں کو پہلوؤں سے جدا رکھے، پہلے سجدہ کے بعد خوب اچھی طرح بیٹھ جائے تب دوسرا سجدہ کرے، عورت سجدے میں مردوں کی طرح قدمین کو کھڑا نہیں کرے گی بلکہ تورک کی حالت میں قبلہ کی طرف کرے اور قعدہ میں بھی عورت تورک کرے یعنی سرین پر بیٹھے اور اپنے دونوں پاؤں داہنی طرف نکال دے جب کہ مرد قعدے میں بایاں پیر بچھا کر بیٹھ جائے اور دائیں پیر کو کھڑا رکھے، یہ سب مسائل حدیث وفقہ کی نصوص سے ثابت ہیں حوالے کے لئے ان کتابوں کی طرف مراجعت کر سکتے ہیں (مصنف عبدالرزاق، مصنف ابن ابی شیبہ، شامی، بدائع، البحر، وبہشتی زیور وغیرہ)

مسنون دعائیں

سونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی

اے اللہ! میں تیرے ہی نام سے مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔ (صحیح بخاری)

سوکر اٹھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَا تَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے موت دینے کے
بعد زندگی بخشی، اور اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔ (صحیح بخاری)

بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

اللہ کے نام سے اے اللہ میں ناپاک جنوں سے
تیری پناہ چاہتا ہوں، مرد ہوں یا عورت۔ (صحیح بخاری)

یا یہ دعاء پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ اللہ کے نام سے (داخل ہوتا ہوں)۔ (ابن ماجہ، ترمذی)

بیت الخلاء سے باہر نکلنے کی دعا

غُفْرَانَکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّیْ الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

اللہ کا نام لے کر داخل ہوتا ہوں، اے اللہ! میں ناپاک جنوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں، مرد ہوں یا عورت۔ (ابن ماجہ)

یا یہ دعاء پڑھیں غُفْرَانَكَ

میں آپ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔ (ابن ماجہ)

وضو کے بعد کی دعا

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ.

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں میں اور پاک وصاف لوگوں میں شامل فرما۔ (حصن حصین، جامع الترمذی)

گھر سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اللہ کے نام سے نکلتا ہوں، گناہوں سے بچنے کی اور نیکیاں کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

گھر میں داخل ہونے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَ عَلَیَ اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا

اللہ (ہی) کے نام سے ہم (گھر میں) داخل ہوئے اور اسی کے نام سے (باہر) آئے اور اللہ تعالیٰ ہی پر جو ہمارا ہے ہم نے بھروسہ کیا۔ (صحیح مسلم)

کھانا شروع کرنے سے پہلے پڑھنے کی دعاء

بِسْمِ اللّٰہِ میں اللہ کے نام سے کھانا شروع کرتا ہوں۔ (جامع الترمذی)

بسم اللہ بھول جانے پر پڑھنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَ آخِرَہٗ

میں نے اس کے اوّل اور آخر میں اللہ کا نام لیا۔ (ابوداؤد)

••کھانے کے درمیان پڑھنے کی دعا••

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَ لَکَ الشُّکْرُ

(جامع الترمذی)

اے اللہ! ساری تعریفیں تیرے ہی لئے ہے اور شکر تیرے ہی لئے ہے۔

••کھانے کے بعد کی دعا••

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَ سَقَانَا وَ جَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ

(جامع الترمذی)

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان بنایا۔

••دعوت کھانے کے بعد کی دعا••

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ۔ (صحیح مسلم)

اے اللہ جس شخص نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا، اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔

••دودھ پینے کے بعد کی دعا••

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ

اے اللہ تو اس میں برکت دے اور ہم کو زیادہ دے۔ (جامع الترمذی)

آب زم زم پینے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْماً نَافِعاً وَّرِزْقاً وَّاسِعاً وَشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ (حصن حصین)

بارش کے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ صَیِّباً نَّافِعاً

اے اللہ! اسے فائدہ مند بارش بنادے۔ (حصن حصین)

عیادت کی دعا

لَابَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْشَآ ءَ اللّٰهُ

کوئی حرج نہیں، اگر اللہ نے چاہا تو یہ بیماری (گناہوں) سے پاک کرنے والی ہے۔ (صحیح بخاری)

کسی کے انتقال کی خبر سن کر پڑھنے کی دعاء

اِنَّالِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ. اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْراً مِنْهَا (صحیح مسلم)

برے اخلاق سے بچنے کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ مُّنْکَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَھْوَآءِ.

روزہ کی نیت

اَللّٰھُمَّ اَصُوْمُ غَدًا لَّکَ فَاغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ .

اے اللہ! تیرے لئے کل کا روزہ رکھتا ہوں تو میرے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما۔

تراویح کی تسبیح

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْعَظْمَۃِ وَالْقُدْرَۃِوَالْکِبْرِیَاءِ وَالْجَبْرُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَلَا یَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ .یَا مُجِیْرُ .یَا مُجِیْرُ .یَا مُجِیْرُ (درمختار)

شب قدر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

اے اللہ! تو معاف کرنے والا ہے معافی کو پسند کرتا ہے تو مجھے معاف فرما۔ (جامع الترمذی)

وضو کے درمیان پڑھنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ

اے اللہ! میرے گناہ کو معاف فرما دیجئے، میرے گھر میں وسعت عطا فرمایئے اور میرے رزق میں برکت عطا فرمایئے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ)

لباس پہننے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَ الثَّوْبُ وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری کسی قوت اور طاقت کے بغیر مجھے عطا فرمایا۔ (جامع الترمذی)

بالغ مرد وعورت کے جنازہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا ،اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ

اے اللہ! ہمارے زندوں، مردوں، حاضر، غائب، چھوٹوں، بڑوں، مردوں، عورتوں، سب کی مغفرت فرما، اے اللہ ہم میں سے آپ جس کو زندہ رکھیں اسے اسلام پر زندہ رکھ، اور ہم میں سے جسے تو وفات دے اس کا خاتمہ ایمان پر فرما۔ (جامع الترمذی، مشکوٰۃ)

نابالغ لڑکے کے جنازہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًاوَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًاوَّذُخْرًاوَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًاوَّمُشَفَّعًا.

اے اللہ! اس بچے کو ہماری نجات کے لئے آگے جانے والا بنا اور اس کی جدائی کی مصیبت کو ہمارے لئے اجر اور آخرت کا ذخیرہ بنا، اور اس کو ہمارے لئے ایسا سفارشی بنا جس کی سفارش قبول ہو۔

نابالغ لڑکی کے جنازہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطاً وَّاجْعَلْھَا لَنَا اَجْراً وَّ ذُخْراً

وَّ اجْعَلْھَا لَنَا شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً.

اے اللہ! اس بچی کو ہماری نجات کے لئے آگے جانے والی بنا، اور اس کی جدائی کی مصیبت کو ہمارے لئے اجر اور آخرت کا ذخیرہ بنا اور اس کو ہمارے حق میں ایسا سفارشی بنا جس کی سفارش قبول کی گئی ہو۔

جنازہ کے فرائض

نماز جنازہ میں دو فرض ہیں

(۱) قیام کرنا (کھڑے ہونا) (۲) چار تکبیرات کہنا (فتاویٰ ہندیہ)

سُرمہ لگانے کے آداب

۱) سونے سے پہلے سرمہ لگانا۔

۲) طاق عدد کی رعایت کرنا، ہر آنکھ میں تین تین سَلائی لگانا، یا دائیں آنکھ میں تین سَلائی اور بائیں آنکھ میں دو سلائی لگانا۔

۳) اثمد سرمہ لگانا (یا جو سرمہ میسر ہو) (جامع الترمذی، مسند احمد)

کھانے کے آداب

۱)دسترخوان بچھانا۔ ۲)دونوں ہاتھ دھونا(گٹوں تک)اور کلی کرنا۔

۳) کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا۔

۴)ایک زانو یا دوزانو بیٹھنا۔بلا عذر آلتی پالتی مار کر نہ بیٹھنا۔

۵) کھانے سے پہلے اگر دعا پڑھنا بھول جائے تو بسم اللہ اولہ وآخرہ پڑھنا۔

۶)دائیں ہاتھ سے کھانا۔ ۷)اپنے سامنے سے کھانا۔

۸) تین انگلیوں سے کھانا۔ ۹)اگر لقمہ گر جائے تو اٹھا کر کھالینا۔

۱۰)برتن اور انگلیوں کو چاٹ کر صاف کرنا۔

۱۱)لیٹ کر،ٹیک لگا کر اور کھڑے ہو کر نہ کھانا۔

۱۲)جوتے۔چپل اتار کر کھانا۔ ۱۳) کھانے میں عیب نہ نکالنا۔

۱۴)بہت زیادہ گرم نہ کھانا۔ ۱۵) کھانے میں پھونک نہ مارنا۔

۱۶) کھانے کے بعد کی دعا پڑھنا۔ ۱۷) کھانے کے بعد ہاتھ دھونا اور کلی کرنا۔

۱۸)پہلے دسترخوان اٹھانا پھر خود اٹھنا۔دسترخوان اٹھانے کی دعا پڑھنا۔

۱۹)روٹیوں سے انگلیاں ہرگز صاف نہ کریں۔

۲۰)جلا ہوا یا کچا کھانا نہ کھانا۔

(بخاری،مسلم،ترمذی،بذل المجہود)

پانی پینے کے آداب

۱)بسم اللہ پڑھ کر پینا۔ ۲)دائیں ہاتھ سے پینا۔ ۳)بیٹھ کر پینا۔
۴)دیکھ کر پینا۔ ۵)تین سانس میں پینا۔
۶)پینے کے بعد الحمد للہ کہنا۔ (مسلم،ترمذی،بذل المجہود)

سونے کی سنتیں

۱)عشاء کے بعد جلد سونے کی فکر کرنا۔ ۲)وضو کر کے سونا۔
۳)بستر تین مرتبہ جھاڑ لینا۔ ۴)تین سلائی سرمہ لگا کر سونا۔
۵)ایسی چھت پر نہ سوئے جس میں آڑ نہ ہو۔
۶)سونے سے پہلے دوسرے کپڑے تبدیل کرنا۔
۷)سونے سے پہلے تسبیح فاطمہ پڑھنا (۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر)
۸)تینوں قل پڑھنا (سورہ اخلاص،سورہ فلق،سورہ ناس) دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے اپنے پورے جسم پر پھیرنا۔ ۹)سورہ ملک،الم سجدہ پڑھ کر سونا۔
۱۰)داہنی کروٹ لیٹ کر ہاتھ رخسار کے نیچے رکھنا۔
۱۱)پیٹ کے بل اوندھا نہ سونا۔
۱۲)سونے کی دعا پڑھنا۔اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی.

۱۳)دو آدمیوں یا دو عورتوں کا ایک چادر یا ایک بستر میں نہ سونا۔

۱۴)نیند نہ آنے تک اللہ کا ذکر کرنا۔ ۱۵)عام راستے پر نہ سونا۔

۱۶)دل کو کینہ اور حسد سے پاک کرکے۔(صحیح بخاری،ترمذی،حصن حصین)

ناخن کاٹنے کے آداب

داہنے ہاتھ کی انگشت شہادت (کلمہ والی انگلی) سے شروع کریں چھنگلی تک، پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے تک، پھر آخر میں داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کا ناخن کاٹیں۔داہنے پاؤں کی چھنگلی سے شروع کرکے انگوٹھے تک، پھر بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے چھنگلی تک۔کٹے ہوئے ناخنوں کو دفن

(سنن بیہقی، فتح الباری، بذل المجھود،صحیح مسلم،خصائل نبوی)

تیل لگانے کے آداب

۱)تیل لگانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا۔

۲)اتباع سنت کی نیت سے تیل لگانا۔

۳)بائیں ہاتھ میں تیل کو رکھ کر پہلے دنوں بھوؤں پر، پھر آنکھوں پر پھر پیشانی کی جانب سے سر پر لگانا۔

(شمائل ترمذی،عمل الیوم واللیلہ)

چہل احادیث

١) اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔(صحیح مسلم)

٢) اَلصِّیَامُ جُنَّۃٌ روزہ ڈھال ہے۔(صحیح بخاری)

٣) اِنَّ الدِّیْنَ یُسْرٌ بیشک دین آسان ہے۔(صحیح بخاری)

٤) اَلْعَیْنُ حَقٌّ نظر لگنا حق ہے۔(صحیح بخاری)

٥) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے۔(صحیح مسلم)

٦) کُلُّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ ہر ایک بدعت گمراہی ہے۔(صحیح مسلم)

٧) عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِیْہِ آدمی کا چچا اس کے باپ کے مانند ہے۔(صحیح بخاری)

٨) لَایَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَاطِعٌ رشتہ قطع کرنے والا جنت میں نہ جائے گا۔(بخاری)

٩) اَلطُّھُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ پاک رہنا آدھا ایمان ہے۔(صحیح مسلم)

١٠) اَلْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ حقیقی غنا دل کا غنا ہوتا ہے۔(بخاری و مسلم)

١١) اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ دعا عبادت کا مغز ہے۔(ترمذی)

۱۲) سِبَابُ الْمُسلِمِ فُسُوقٌ مسلمان کو گالی دینا گناہ ہے۔(صحیح بخاری)

۱۳) اِتَّقُوْا الظُّلْمَ ظلم سے بچو۔(صحیح بخاری)

۱۴) مَنْ صَمَتَ نَجَا جو شخص خاموش رہا اس نے نجات پائی۔(ترمذی)

۱۵) اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ بات کرنے سے پہلے سلام کرو۔(مشکوٰۃ)

۱۶) اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِّنَ الزِّنَا غیبت زنا سے زیادہ سخت ہے۔(مشکوٰۃ)

۱۷) اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِيْمَانِ حیا ایمان کی شاخ ہے۔(صحیح بخاری)

۱۸) لَا تُمَارِ اَخَاكَ اپنے بھائی کے ساتھ جھگڑا نہ کرو۔(ترمذی)

۱۹) لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ اللہ تعالیٰ چور پر لعنت فرماتے ہیں۔(صحیح بخاری)

۲۰) اِجْتَنِبُوْا الْغَضَبَ غصہ سے بچو۔(کنز العمال)

۲۱) اِيَّاكُمْ وَالْكِذْبَ جھوٹ سے بچو۔(ابوداؤد)

۲۲) لَا تَسُبُّوْا الدَّهْرَ زمانے کو گالی نہ دو۔(صحیح مسلم)

۲۳) اَلْعَيْنُ حَقٌّ نظر لگنا حق ہے۔(صحیح بخاری)

۲۴) لَا آكُلُ وَ اَنَا مُتَّكِئٌ میں ٹیک لگا کر کھانا پسند نہیں کرتا۔(صحیح مسلم)

۲۵) اِتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ مظلوم کی بددعا سے بچو۔(صحیح بخاری)

۲۶) اَلصَّلٰوةُ نُوْرٌ نماز روشنی ہے۔(صحیح مسلم)

۲۷) كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ ہر نیکی صدقہ ہے۔(صحیح بخاری)

۲۸) اَلْمُؤْمِنُ مِرْآةُ الْمُؤْمِنِ ایک مؤمن دوسرے مؤمن کا آئینہ ہے۔(ابوداؤد)

۲۹) اِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ حسد سے بچو۔(ابوداؤد)

۳۰) لَا تَغْضَبْ غصّہ مت کرو۔(صحیح بخاری)

۳۱) عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ قبر کا عذاب حق ہے۔(صحیح بخاری)

۳۲) اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهٗ حیاء تو سب اچھی ہی ہے۔(صحیح مسلم)

۳۳) اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ دین خیر خواہی کرنے کا نام ہے۔(صحیح مسلم)

۳۴) كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ ہر ایک بدعت گمراہی ہے۔(صحیح مسلم)

۳۵) لَا تَتَّخِذُوا الْقُبُوْرَ مَسَاجِدَ قبروں کو سجدہ گاہ نہ بناؤ۔(صحیح بخاری)

۳۶) اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ جوآدمی جس سے محبت رکھتا ہے اس کے ساتھ ہی ہوگا۔(صحیح بخاری)

۳۷) اِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّیْطَانِ بے شک غصہ شیطان کی طرف سے ہوتا ہے۔(ابوداؤد)

۳۸) مَنْ غَشَّ فَلَیْسَ مِنَّا جودھوکہ دے وہ ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں۔(ترمذی)

۳۹) خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَ عَلَّمَهٗ

تم میں سب سے بہتر وہ ہے جوقرآن سیکھے اور سکھائے۔(صحیح بخاری)

۴۰) اِنِّیْ عَبْدُاللّٰہِ وَ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ


بلاشبہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور آخری نبی ہوں۔(مستدرک حاکم)


”رکعات نماز“


نماز	سنّت قبل فرض	فرض	سنّت	نفل	واجب	نفل	کل رکعات
فجر	۲ مؤکدہ	۲	ـ	ـ	ـ	ـ	۴
ظہر	۴ مؤکدہ	۴	۲	۲	ـ	ـ	۱۲
عصر	۴ غیر مؤکدہ	۴	ـ	ـ	ـ	ـ	۸
مغرب	ـ	۳	۲	۲	ـ	ـ	۷
عشاء	۴ غیر مؤکدہ	۴	۲	۲	۳ وتر	۲	۱۷
جمعہ	۴ مؤکدہ	۲	۴+۲	۲	ـ	ـ	۱۴





ہماری مطبوعات:














النّاشر

جامعہ رشیدیہ بنگلور

JAMIA RASHEEDIA

Elahinagar, Singapura, Vidyaranyapura Post, Bangalore - 97.

Cell: 9342551404